# کلمۃ الشکر

**الحمدللّٰہ وکفی والصلاۃ والسلام علی النبی المصطفیٰ وعلی آلہ وصحبہ ومن اھتدیٰ وبعد!**

اللہ تعالیٰ کا بے پایاں احسان وشکر ہے کہ اس نے ہر دور میں امت کی دین سے غفلت اور لاپرواہی کے باوجود امت کے ایک مختصر مگر دردمند طبقے کو دین اور شعائر دین کی خدمت کی نعمت سے نوازا؛ اور وہ طبقہ حضرت علماء کرام و بزرگان دین کا طبقہ رہا ہے، جنہوں نے ہر دور میں دین کی حفاظت ونشر واشاعت کا اہم ترین فریضہ انجام دیا اور ہر قسم کے ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر مادی اسباب کے قلت کے باوجود دین کی صحیح اور مکمل شکل کو امت کے سامنے پیش کیا۔

انہیں بزرگوں کی علمی جدوجہد، جانفشانی، اخلاص وللّٰہیت کے نتیجے میں فقہ وفتاویٰ کا یہ عظیم علمی ذخیرہ دستیاب ہو پا رہا ہے اور اس کی تدوین ونشر واشاعت کی سعادت ہمیں حاصل ہو رہی ہے۔

اللہ پاک محض اپنے کرم سے قبول فرمانے اور ذخیرۂ آخرت بنائے۔

منظمۃ السلام العالمیہ کے لیے یہ بڑی سعادت کی بات ہے کہ اس کے زیر اہتمام فتاویٰ علماء ہند کی پہلی تین جلدیں کتاب الطہارۃ کے عنوان سے منصۂ شہود پر آئیں اور علمی حلقے میں خوب مقبول ہوئیں اور اب کتاب الصلاۃ کی پانچ جلدیں تیار ہو رہی ہیں، کتاب الصلاۃ کی دوسری اور فتاویٰ علماء ہند کی پانچویں جلد کی اشاعت پر منظمۃ کے احباب کو بہت مسرت ہو رہی ہے۔

اللہ پاک جزائے خیر دے ہمارے عزیز محبّ ومحترم مولانا مفتی انیس الرحمٰن قاسمی صاحب اور عزیزم مولانا محمد اسامہ شمیم الندوی سلمہ کو کہ ان کی فکر ومحنت سے کام کافی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ اللہ پاک ان کی اس فکر ومحنت کو قبول فرمائے۔ (آمین)

بتاریخ: ۱۰/۱۰ اکتوبر ۲۰۱۵ء

بندہ شمیم احمد
خادم منظمۃ السلام العالمیۃ
ناشر: فتاویٰ علماء ہند